# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 09 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ گھریلو گیس سلنڈر کی قیمت میں 100 روپؤں کی کمی؛ گذشتہ نصف شب سے نئے نرخ کا اطلاق۔

☆ لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس کی جانب سے 39 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری۔

☆ کنڑ شکر کارخانے کی زمین اور دیگر املاک پر ED کی جانب سے ضبطی کی کارروائی۔

اور۔۔ ☆ جالنہ صنعتی علاقے میں محکمہ انکم ٹیکس کے چھاپے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

گھریلو استعمال کے گیس سلنڈر کی قیمت میں 100 روپؤں کی کمی کی گئی ہے۔ گذشتہ نصف شب سے نئے نرخ کا اطلاق ہوگیا ہے۔ خواتین دِن کے موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل یہ اعلان کیا۔ وزیرِ اعظم نے ایک سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ اس فیصلے سے خواتین کی روزانہ کی زندگی قدرے آسان ہوجائے گی۔ کروڑوں خاندانوں کو معاشی فائدہ ملے گا‘ ساتھ ہی ماحولیات کے تحفظ میں مدد ملے گی۔ ممبئی میں اب گھریلو سلنڈر 802 روپئے 50 پیسے میں ملے گا۔ وہیں وزیرِ اعظم اُجولا اسکیم کے استفادہ کنندگان کیلئے اسکی قیمت اب 502 روپئے 50 پیسے رہے گی۔

***** ***** *****

سینئر سماجی کارکن اور مشہور مصنفہ پدم بھوشن سُدھا مورتی کو راجیہ سبھا کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو نے انھیں اس نامزدگی پر مبارکباد دی ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی سُدھا مورتی کو راجیہ سبھا کا رُکن بنائے جانے پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کی سماجی خدمات اور تعلیمی شعبے میں اُن کا تعاون متاثر کُن ہے۔

***** ***** *****

کانگریس قائد راہل گاندھی کی بھارت جوڑو نیائے یاترا آئندہ 12 تاریخ کو مہاراشٹر میں داخل ہوگی۔ اس کا آغاز نندوربار سے ہوگا۔ کانگریس کے مقامی عہدیداروں نے کل ایک صحافتی کانفرنس میں بتایا کہ نندوربار میں اس یاترا کا نام آدیواسی نیائے یاترا ہوگا۔

***** ***** *****

آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس پارٹی کی جانب سے 39 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کردی گئی ہے۔ پارٹی کے سینئر قائد راہل گاندھی کیرالہ کے وائناڑ سے دوبارہ پارٹی کے امیدوار ہیں۔ پارٹی کے قومی جنرل سیکریٹری کے سی وینو گوپال' کیرالہ کے الاّ پورہ سے جبکہ رُکنِ پارلیمان ششی تھرور دوبارہ ترواننت پورم حلقے سے انتخاب لڑیں گے۔ کل ظاہر کی گئی فہرست میں مہاراشٹر کا ایک بھی امیدوار شامل نہیں ہے۔ پارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی آئندہ میٹنگ پرسوں پیر کو ہوگی۔

***** ***** *****

اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے شیوسینا کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے نے کہا ہے کہ آئندہ عام انتخابات ملک کا مستقبل طئے کرنے والے ہیں۔ ٹھاکرے کل دھاراشیو ضلع کے کلمب اور بھوم میں جلسۂ عام سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر شیوسینا اراکینِ اسمبلی کی نااہلی معاملے میں اسمبلی اسپیکر کی جانب سے دیئے گئے فیصلے پر انھوں نے تنقید کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے کنڑ شکر کارخانے کی زمین اور دیگر املاک انفورسمنٹ ڈائریکٹر (ED) نے ضبط کی ہے۔ 161 ایکڑ قطعۂ اراضی پر محیط' 50 کروڑ 20 لاکھ سے زائد قیمت کی یہ ملکیت بارامتی ایگرو نامی کمپنی کی ہے۔ ریاستی امدادِ باہمی بینک کی جانب سے غیر قانونی طور پر یہ شکر کارخانہ بارامتی ایگرو کو بیچا گیا ہے، جس میں مالی بدعنوانی کی جانچ کی جارہی ہے۔ اس کمپنی کے CEO اور راشٹروادی کانگریس پارٹی کے رُکنِ اسمبلی روہت پوار نے کہا ہے کہ ED کی یہ کارروائی غیر قانونی ہے جس کے خلاف وہ عدالت جائیں گے۔

***** ***** *****

حکومت نے نئے رائے دہندگان میں بیداری کیلئے ''میرا پہلا ووٹ دیش کیلئے'' نامی مہم شروع کی ہے' جس کے تحت اداکار ابھیشیک رہالکر نے نوجوانوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بھارت دُنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے۔ اس لیے اس کے عام انتخابات بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ اس لیے تمام رائے دہندگان بشمول نئے ناموں کا اندراج کرنے والے شہریان ضرور ووٹ ڈالیں اور ملک کا مستقبل طئے کریں۔

***** ***** *****

پونے - احمد نگر - چھترپتی سمبھا جی نگر راہداری کی ترقی اور نئے گرین فیلڈ ایکسپریس وے کی تعمیر کی خاطر مرکزی اور ریاستی حکومت کے درمیان کل وردھا میں معاہدہ ہوگیا۔ اس شاہراہ کی تعمیر کے بعد ناگپور تا پونے کا سفر صرف چھ گھنٹوں کا رہ جائے گا۔

***** ***** *****

ریلوے کے وزیرِ مملکت راؤ صاحب دانوے ہنگولی سے ممبئی چلائی جانے والی جن شتابدی ایکسپریس کو ہنگولی ریلوے اسٹیشن پر آج ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ ریلوے بسمت' پورنا' پربھنی' جالنہ اور چھترپتی سمبھا جی نگر ہوتے ہوئے ممبئی کی جانب جائے گی۔ آج افتتاح کے بعد کل 10 مارچ سے یہ ریل گاڑی ہنگولی سے صبح چار بجکر 20 منٹ پر روانہ ہوگی۔ یہ گاڑی صبح نو بجے جالنہ اور نو بجکر 50 منٹ پر چھترپتی سمبھا جی نگر اور دوپہر چار بجکر 50 منٹ پر ممبئی پہنچے گی۔ واپسی کے سفر میں ممبئی سے یہ گاڑی دوپہر 12 بجکر دس منٹ پر روانہ ہوگی' شام چھ بجکر 25 منٹ پر چھترپتی سمبھا جی نگر' شام سات بجکر 45 منٹ پر جالنہ اور رات ساڑھے بارہ بجے ہنگولی پہنچے گی۔

***** ***** *****

جالنہ صنعتی علاقے میں انکم ٹیکس محکمے کی جانب سے کل چھاپے ڈالے گئے۔ ناسک' پونے اور ممبئی کے افسران کمپنیوں کے اکاؤنٹس کی جانچ کررہے ہیں۔ چند اسٹیل کمپنیوں کے مالکان کی رہائش گاہوں پر بھی انکم ٹیکس محکمے نے چھاپے مارے ہیں' جہاں مختلف دستاویزات کی جانچ کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

بین الاقوامی خواتین دِن کل منایا گیا۔اس مناسبت سے ممبئی میونسپل کارپوریشن شہر میں ملازمت یا کاروبار کرنے والی خواتین کیلئے آئندہ برس بھر میں پانچ مقامات پر ہاسٹلس کی سہولت فراہم کرے گی۔فروغ ہنرمندی اور ممبئی مضافات کے رابطہ وزیر منگل پربھات لوڈھا نے کل یہ اعلان کیا۔وزیرِ موصوف کل ممبئی کے گوریگاؤں میں اسی قسم کی ایک اقامت گاہ کے افتتاح کے موقع پر بول رہے تھے۔انھوں نے کہا کہ اس اقامت گاہ کے سبب 180 خواتین کورہائش کی سہولت مہیا کی جائیگی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں خواتین دِن مختلف پروگرامس کا انعقاد کر کے منایا گیا۔ضلع اور سیشن جج جسٹس ویشالی ہنگر گیکر نے اس موقع پر کہا کہ لڑکے اور لڑکی کے درمیان فرق نہیں کرنا چاہیے اور یہ تمام خواتین کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔جج صاحبہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں واقع ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں منعقدہ لیکچر کے دوران بول رہی تھیں۔اس پروگرام میں ممبئی کے ٹاٹا سوشل انسٹیٹیوٹ کی سینئر ریسرچ افسر اسمتا وائینگنکر بھی شریک تھیں۔اپنے خطاب کے دوران انھوں نے بتایا کہ خواتین کو قابل بنانا ایک مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے۔

اسی دوران دھاراشیو میں خواتین دِن کی مناسبت سے روپا ماتا فاؤنڈیشن اور ایس ٹی ڈپو کی مشترکہ کاوشوں سے دھاراشیو بس اسٹینڈ کے احاطے میں خواتین بس کنڈکٹرس اور دیگر خواتین ملازمین کی عزت افزائی کی گئی اور مسافر خواتین کی مفت طبّی جانچ کی گئی۔190 سے زائد خواتین نے اس طبّی کیمپ سے استفادہ کیا۔

عالمی خواتین دِن کی مناسبت سے پربھنی ضلع انتظامیہ اور ضلع کھیل افسر کے دفتر کی جانب سے خواتین اور لڑکیوں کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔اس کے تحت خواتین اور دوشیزاؤں نے دو پہیہ گاڑیوں کی پھیریاں لگائیں۔ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے اور ضلع کھیل افسر کویتا ناوندے نے اس میں شرکت کی۔

اسی طرح ناندیڑ ضلع پریشد کی جانب سے خواتین دِن کے موقع پر نئے رائے دہندہ دوشیزاؤں اور خواتین کیلئے ''میں رائے دہی کیوں کروں گی'' اس عنوان کے تحت عوامی بیداری کیلئے ریلی نکالی گئی۔ضلع اطلاعاتی افسر پروین ٹاکے سمیت ضلع کی نئی رائے دہندہ دوشیزاؤں نے اس ریلی میں کثیر تعداد میں شریک ہوئیں۔

خواتین دِن کی مناسبت سے اورنگ آباد فوٹوگرافرس اسوسی ایشن کی جانب سے چھترپتی سمبھا جی نگر میں تصاویر کی دو روزہ نمائش کا اہتمام کیا گیا۔اس نمائش کا کل اختتام عمل میں آیا۔

لاتور میں ضلع سرجن دفتر اور لاتور IMA وومن ڈاکٹرس وِنگ کی جانب سے سائیکل ریلی نکالی گئی۔اس موقع پر ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے موجود تھیں۔اس مناسبت سے اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ جسمانی اور ذہنی صحت ہر ایک کیلئے اہم ہے اس لیے خواتین اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے صحت کی طرف سے لاپرواہی نہ برتیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے قریب کل شام سمرڈھی شاہراہ پر ٹرک اور کار کے درمیان ہوئے تصادم کے سبب دو افراد ہلاک اور دو شدید زخمی ہوگئے۔مرنے والے دونوں بھنڈارہ کے رہنے والے تھے۔چار افراد ممبئی سے بھنڈارہ کی جانب جارہے تھے۔تیز رفتاری کے سبب کار بے قابو ہوگئی اور ناگپور کاریڈور کی جانب سے آنے والی ٹرک سے جاٹکرائی۔یہ اطلاع پولس انسپکٹر موہن چوہان نے دی۔زخمیوں کو علاج کیلئے گھاٹی اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ گھریلو گیس سلنڈر کی قیمت میں 100 روپئوں کی کمی؛ گذشتہ نصف شب سے نئے نرخ کا اطلاق۔

☆ لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس کی جانب سے 39 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری۔

☆ کنڑ شکر کارخانے کی زمین اور دیگر املاک پر ED کی جانب سے ضبطی کی کارروائی۔

اور۔۔ ☆ جالنہ صنعتی علاقے میں محکمہ انکم ٹیکس کے چھاپے۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****